## سوال

(443) حالت خطبہ میں بوجہ گرمی کے پنکھا کرلینا جائز ہے یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حالت خطبہ میں بوجہ گرمی کے پنکھا کرلینا جائز ہے یا نہیں؟ زید کا کہنا ہے ایسا کرنا آداب مجلس کے خلاف ہے۔ (ایم عبدالقدوس خریدار نمبر 7872)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک حدیث میں آیا ہے۔ بعض صحابہ گرمی میں مٹھی میں مٹی بھرلیتے اور سجدہ کرتے وقت ماتھے کے نیچے رکھ لیتے تاکہ ماتھے کو آرام پہنچے اس حدیث سے اگر استنباط کیا جائے تو پنکھے سے آرام حاصل کرنا جائز معلوم ہوتا ہے۔ (اہل حدیث 6 نومبر 1931ء) اس مسئلہ میں 1322 ہجری) میں کت خانہ شمس الحق صاحب ڈیانویسے جب میں ان کے پاس ٹھرا ہوا تھا۔ کچھ آثار صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین تابعین میں میں نے قلمی کتابوں سے نقل کئے تھے۔ جواس وقت موجود تھیں۔ دہلی میں کتب میں رہ گئے۔ انسے جواز ثابت وتا تھا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد01ص610**

محدث فتویٰ